# دنیا کا سب سے بڑا نسخۂ قرآن

عام طور سے مدینۂ منورہ کی شاہ عبدالعزیز لائبریری میں محفوظ نسخۂ قرآن کو جس کی لمبائی چوڑائی ۴۲ء۵×۸۰ سنٹی میٹر ہے دنیا کا سب سے بڑا نسخۂ قرآن سمجھا جاتا ہے لیکن یہ صحیح نہیں ہے۔ جامع مسجد، بڑودہ (گجرات، انڈیا) میں ایک نسخۂ قرآن موجود ہے جو اس سے بھی بڑا ہے۔ اس کی لمبائی چوڑائی ۸۸×۱۰۲ سینٹی میٹر ہے اور غالباً یہی دنیا کا سب سے بڑا نسخۂ قرآن ہے۔ نسخۂ مذکور ۱۵ حصوں میں منقسم ہے اور ہر حصہ دو قرآنی پاروں پر مشتمل ہے۔ ہر جلد میں ۸۰ صفحات ہیں اور صفحات کی کل تعداد ۱۲۰۰ ہے۔

اس نسخے کا ایک حصہ جامع مسجد کے ایک علیحدہ کمرے میں شیشے کے ایک بڑے کیس میں برائے زیارت رکھا ہوا ہے۔ باقی حصے اسی کمرے میں رکھے لکڑی کے ایک اسٹینڈ پر رکھے ہوئے ہیں۔ ہر سال ۲۷ رجب کو یہ سارے حصے مسجد میں لاکر رکھے جاتے ہیں اور ان کی باقاعدہ تلاوت کی جاتی ہے جس کی وجہ سے ان کے بعض اوراق شکستہ ہو گئے ہیں۔ ابھی چند ماہ قبل ان کی از سرِ نو جلد بندی ہوئی ہے جس کے باعث ان کی حالت قدرے بہتر ہو گئی ہے۔

اس نسخے کی ایک خاص بات یہ ہے کہ بین السطور میں حسین واعظ کاشفی کا فارسی ترجمہ اور حاشیے پر ان کی تفسیر جو تفسیر حسینی کے عنوان سے مشہور ہے درج ہے۔ نسخۂ ہٰذا ۱۲۰۶ ہجری (۱۷۹۱ء) کا لکھا ہوا ہے۔ اسے محمد غوث نامی ایک مقامی خطاط نے لکھا ہے۔ موصوف کی قبر باپود نامی ایک مقام میں ہے جو شہر بڑودہ سے کوئی آٹھ کلو میٹر دور مشرق میں واقع ہے۔

(مرسلہ ڈاکٹر مقصود احمد، لکچرر شعبۂ عربی، ایم ایس یونیورسٹی، بڑودہ)

# اطالوی زبان میں ترجمۂ قرآن

"اخبار العالم الاسلامی مکہ مکرمہ کی ایک خبر مظہر ہے کہ روم میں واقع سعودی سفارت خانہ اطالوی زبان میں قرآن کا ترجمہ کرا رہا ہے۔ اس مقصد کے لیے ایک کمیٹی تشکیل دی جا چکی ہے جو اس کے مختلف مراحل کی ذمہ داریوں کو انجام دے گی۔ رابطۂ عالم اسلامی کے جنرل سکریٹری نے